ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 13 Short Questions Test

Q1. ایتہ الکرسی کی فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: ایتہ الکرسی کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیتہ الکرسی پڑھتا ہے اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت ہی روکے رکھتی ہے. حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر جانے لگو تو آیتہ الکرس پڑھ لیا کرو، صبح تک اللہ تعالی کی طرف سے تمہارے لیے ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمہارے قریب نہیں آسکے گا. آیتہ الکری میں اللہ تعالی کی وحدانیت یعنی اس کے یکتا ہونے کو بیان کیا گیا ہے- اس آیت میں اللہ تعالی کی قدرت اور صفات کا بھی بیان ہے.

Q2. سورۃ البقرہ کا مضمون کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کا مرکزی مضمون ہدایت ہے. سورۃالقبرہ کے بالکل شروع میں ان لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں جو قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- اس سورت مین واضح کیا گیا ہے کہ جس طرح پہلے اللہ تعالی انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیھم السلام کے زریعے سے کتابیں بھیجتا رہا ہے- اسی طرح اس نے حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے.- یہ واضح کیا گیا ہے کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے بغیر ایمان کا دعویٰ قبول نہیں-لہذا انسانوں کا حکم دیا گیا ہے کہ قرآن محید اور صاحب قرآن خاتم انبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور ان کی کامل اطاعت کرو.

Q3. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

Q4. سورۃ التوبہ میں مسلمانوں کو کس نجات کی بات کی تھی.

Ans 1: سورۃ التوبہ میں مسلمانوں کا منافقین سے نجات دینے کی بھی بات کی گئی ہے کیوں کہ اس سورت میں منافقین کی سزا کے متعلق آیت نازل ہوئی جس کے نتیجے میں نبی کریم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نکال دیا اور عذاب قبر سے پہلے ہی زلت ورسوائی ان کا مقدر بنی.

Q5. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طوریل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

Q6. سورۃ التوبہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی کیا فضیلت آئی ہے.

Ans 1: دوران ہجرت غار ثور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ کی رفاقت کا تزکرہ ہے- زکوٰۃ کے مصارف اور مومن مجاہدین کی تعریف اور جہاد کرنے کی ترغیب کا بیان ہے.

Q7. سورہ ایتہ الکرسی کی کتنی ایت ہیں

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کیبہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے. سورہ البقرہ کی آیت نمبر دو سو پچپن ایتہ الکرسی ہے.

Q8. لفظ کے معنی تحریر کریں- یسلونک- اصلحوا- وجلت - یتوکلون- فتہ- فتفشلوا- بطرا-

Ans 1: یسٔلونک- وہ آپ سے سوال کرتے ہیں- اصلحوا- درست رکھو- وجلت- کانپ اٹھتے ہیں- یتوکلون- وہ توکل کرتے ہیں- فئتہ- کوئ لشکر فتفشلوا- ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤگے- بطرا- اکڑتے ہوئے

Q9. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.

Q10. سورہ البقرہ کو سورہ البقرہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کودیا گیا تھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے.